# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-9200731, 9200729, Fax No.042/9202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلز

## زرعی پیداوار کے لئے کلائمیٹ سمارٹ ٹیکنالوجی پیکیج متعارف

## شمسی توانائی اور ٹنل ٹیکنالوجی سے مطلوبہ مدت میں پیداواری اہداف حاصل کئے جاسکیں گے

**لاہور: 12 جنوری 2017(** **)** پنجاب حکومت نے اعلیٰ معیار کی زرعی پیداوار کے حصول کے لئے کلائمیٹ سمارٹ ٹیکنالوجی پیکیج متعارف کروایا ہے جسے کسان پیکیج کا نام دیا گیا ہے۔اس منصوبے کے تحت شمسی توانائی اور ٹنل ٹیکنالوجی کی مدد سے مطلوبہ مدت میں پیداواری اہداف حاصل کئے جاسکیں گے۔منصوبے پر 12 کروڑ 77 لاکھ 50 ہزار روپے لاگت آئے گی اور یہ تین سال میں مکمل ہوگا۔اس منصوبے میں سولر پینل سے کاشتکاری کی جائے گی اور یہ منصوبہ حکومت کی زرعی پالیسی کے مطابق اور پنجاب گروتھ سٹریٹیجی 2018 اور ایگری کلچر پلان 2015 کے مقاصد سے ہم آہنگ ہے۔منصوبے پر عمل درآمد کے لیے پراجیکٹ امپلی منٹیشن کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جس کے کنوینئر سیکرٹری زراعت پنجاب ہوں گے۔ارکان میں ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر (فیلڈ)، ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر (واٹر مینجمنٹ)، ڈائریکٹر جنرل ایگری کلچر (ایکسٹینشن) شامل ہوں گے جبکہ پراجیکٹ ڈائریکٹر سیکرٹری کمیٹی کے فرائض انجام دیں گے۔

☆☆☆☆